ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (69)

03.02.24

بہاول پور( )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس نے ماہ جنوری 2024 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، 112 مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے 112 منشیات فروش گرفتار کیئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد ہوئی۔بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 112 مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے 112 ملزمان کو بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 37 کلو 918 گرام چرس، 03 کلو 260 گرام ہیروئن، 146 گرام کرسٹل آئس، 05 من سے زائد بھنگ، 3434 لیٹر شراب اور 06 چالو بھٹیاں برآمد کیں۔اس حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس کی ماہ جنوری 2024 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کی پراگرس رپورٹ جاری